PR NO45

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

نئی اور مفید تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کی سرکاری ویب سائٹ کا اجراء

عوام الناس کی سہولت کے لئے اہم مندرجات کا اردو میں ترجمہ بھی شامل کر دیا گیا ہے۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد( ) جدید اور مزید فعال تبدیلیوں کے ساتھ وفاقی محتسب کے ادارے کی نئی ویب سائٹ کا اجراء کر دیا گیا ہے، جس میں اہم معلومات اور مندرجات کو اردو میں پیش کرنے کے علاوہ اس کی رفتار کار میں اضافہ بھی شامل ہے۔ ویب سائٹ میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار، اختیارات، شکایات داخل کرنے کا طریقہ اور وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر سمیت تمام ضروری معلومات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی فراہم کر دی گئی ہیں۔ اس تجدید نو کے بعد اب کوئی بھی شخص اپنی مرضی کی معلومات تک بہ آسانی اور تیزی کے ساتھ رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ وفاقی محتسب نے گزشتہ روز ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں اس ویب سائٹ کا افتتاح کیا جس میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے اعلیٰ افسران کے علاوہ علاقائی دفاتر کے عہدیداروں نے آن لائن شرکت کی۔ اس موقع پر نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (NITB) کے نمائندے بھی موجود تھے جنہوں نے اس ویب سائٹ کو بہتر اور مزید فعال بنانے میں مدد کی تھی۔ وفاقی محتسب نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کی ویب سائٹ عام لوگوں اور شکایت کنندگان کو نہ صرف بنیادی معلومات فراہم کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے بلکہ ڈاک خرچ یا سفر کی صعوبت کے بغیر انہیں آن لائن شکایت کے اندراج کی سہولت بھی فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب پاکستان کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے کم پڑھے لکھے افراد اردو میں دی گئی معلومات سے براہ راست استفادہ کر سکیں گے اور انہیں وفاقی محتسب سے رابطہ کرنے، شکایات درج کرانے اور ان شکایات پر ہونے والی کارروائیوں سے آگاہ رہنے میں بھرپور سہولت ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور آلات کی مدد سے اب اس ویب سائٹ کو نئے انداز سے پیش کرنے کے بعد اس کی رفتار کار میں بھی اضافہ ہو گیا ہے اور اس کے استعمال کا طریقہ بھی آسان ہو گیا ہے نیز اس میں انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو عبارت کی موجودگی سے وہ لوگ بھی فائدہ اٹھا سکیں گے جنہیں قبل ازیں انگریزی عبارت کے باعث مشکلات در پیش تھیں۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کا ازالہ کرنے کے طریق کار، دفتری پروسیجر اور مختلف اہم اقدامات مثلاً آئی آر ڈی (ثالثی، مصالحتی کردار کے ذریعے باہمی رضامندی سے مسائل کا غیر رسمی حل)، OCR''(انصاف آپ کی دہلیز پر'' کے عنوان سے ضلعوں اور تحصیل کی سطح پر جا کر شکایات کا ازالہ)، کھلی کچہریوں اور اس نوعیت کے دیگر پروگراموں کے علاوہ وفاقی محتسب کے ''شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز'' اور ''شکایات کمشنر برائے اطفال'' کے دفاتر کی ذمہ داریوں اور یہاں ہونے والے کاموں کی تفصیلات بھی اردو میں دے دی گئی ہیں۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ ادارے کی ویب سائٹ کی تجدید نو اور اس میں اردو معلومات کا اضافہ کرنے سے ہمارا بنیادی مقصد یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ اور بالخصوص غیر ترقی یافتہ اور پسماندہ علاقوں کے لوگوں کو اس ادارے کے دائرہ کار، ذمہ داریوں، حدود کار اور کاموں کے بارے میں آگاہی فراہم کی جا سکے اور انہیں علم ہو سکے کہ وفاقی محتسب ان کے کون کون سے مسائل بہ آسانی حل کر سکتا ہے اور وہ اس ادارے سے کس طرح استفادہ کر سکتے ہیں۔

(ڈاکٹر انعام الحق جاوید)

ایڈوائزر (میڈیا)

03009500936

27 دسمبر 2023ء